صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 14 جنوری 2009 بمطابق 16 محرم الحرام 1430 ہجری صبح گیارہ بجے منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، خوشدل خان ایڈووکیٹ مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یَـٰٓأَیُّهَا ٱلَّذِینَ ءَامَنُوا۟ لَا تَتَّخِذُوا۟ بِطَانَةً مِّن دُونِکُمۡ لَا یَأۡلُونَکُمۡ خَبَالًا وَدُّوا۟ مَا عَنِتُّمۡ قَدۡ بَدَتِ ٱلۡبَغۡضَآءُ مِنۡ أَفۡوَٰهِهِمۡ وَمَا تُخۡفِی صُدُورُهُمۡ أَکۡبَرُ ۚ قَدۡ بَیَّنَّا لَکُمُ ٱلۡأَیَـٰتِ ۖ إِن کُنتُمۡ تَعۡقِلُونَ 0 هَـٰٓأَنتُمۡ أُو۟لَآءِ تُحِبُّونَهُمۡ وَلَا یُحِبُّونَکُمۡ وَتُؤۡمِنُونَ بِٱلۡکِتَـٰبِ کُلِّهِۦ وَإِذَا لَقُوکُمۡ قَالُوٓا۟ ءَامَنَّا وَإِذَا خَلَوۡا۟ عَضُّوا۟ عَلَیۡکُمُ ٱلۡأَنَامِلَ مِنَ ٱلۡغَیۡظِ ۚ قُلۡ مُوتُوا۟ بِغَیۡظِکُمۡ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِیمُۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ۔

(ترجمہ): مومنو! کسی غیر (مذہب کے آدمی) کو اپنا رازداں نہ بنانا یہ لوگ تمہاری خرابی اور (فتنہ انگیزی کرنے) میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ (جس طرح ہو) تمہیں تکلیف پہنچے ان کی زبانوں سے تو دشمنی ظاہر ہو ہی چکی ہے اور جو (کینے) ان کے سینوں میں مخفی ہیں وہ کہیں زیادہ ہیں اگر تم عقل رکھتے ہو تو ہم نے تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سنادی ہیں۔ دیکھو تم ایسے (صاف دل) لوگ ہو کہ ان لوگوں سے دوستی رکھتے ہو حالانکہ وہ تم سے دوستی نہیں رکھتے اور تم سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہو (اور وہ تمہاری کتاب کو نہیں مانتے) اور جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے اور جب الگ ہوتے ہیں تو تم پر غصے کے سبب انگلیاں کاٹ کاٹ کھاتے ہیں (ان سے) کہہ دو کہ (بدبختو) غصے میں مر جاؤ خدا تمہارے دلوں کی باتوں سے خوب واقف ہے۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Deputy Speaker: 'Question's Hour': Question No. 17, the Honourable MPA, Shah Hussain Khan.

* 17۔ جناب شاہ حسین خان: کیاوزیر تعمیرات وخدمات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا)آیا یہ درست ہے کہ میرے حلقہ نیابت پی ایف۔60 بٹگرام II میں 04-2003 اور 05-2004 کے اے ڈی پی میں پختگی لنک روڈ اشار بن، سکر گاہ، پزنگ اور لنک روڑ باب کیلئے رقم مختص کی گئی تھی؛

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈ کیلئے باقاعدہ ٹینڈر ہوئے تھے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان میں دو سڑکوں پر کام کا آغاز کیا گیا ہے لیکن کام کی رفتار انتہائی سست ہے؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ باقیماندہ سڑکوں پر تاحال کام شروع نہیں کیا گیا ہے؛

(ہ) اگر (الف)تا(د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) اب تک کن سڑکوں پر کام شروع کیا گیا ہے، کتنا کام مکمل ہوا ہے اور کتنا باقی ہے، نیز باقی کام کب تک مکمل کیا جائے گا، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ سڑکوں پر کام کی تاخیر میں جو اہلکار ملوث ہیں، ان کے خلاف حکومت نے کیا کارروائی کی ہے یا کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب وزیر اعلیٰ (جواب وزیر قانون و پارلیمانی امور نے پڑھا): (ا) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں، ان تمام سڑکوں پر کام شروع کیا گیا تھا جن میں باب روڈ پر کام مکمل ہو گیا اور باقی تین سڑکوں کی کشادگی و پختگی کیلئے میٹریل جمع کیا گیا ہے لیکن مختلف وجوہات کی وجہ سے کام مکمل نہ ہو سکا جس پر متعلقہ ٹھیکیدار کو نوٹس بھی جاری کئے گئے۔

(د) اس کا جواب جز(ج) میں دیا گیا ہے۔

(ہ) (i) متعلقہ ٹھیکیدار کو ممبرز صاحبان صوبائی اسمبلی، حلقہ پی ایف 59 اور 60 کی ایماء پر اضافی وقت دیا گیا جس کے بعد دوبارہ کام کا آغاز کیا گیا ہے، جس کی موجودہ صورتحال کی تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

(ii) کام کی انتہائی سست رفتاری اور تاحال مکمل نہ ہونے کی وجہ سے محکمہ نے ٹھیکیدار کو فائنل نوٹس بھی جاری کیا ہے۔ ٹھیکیدار کے مطلوبہ ہدف حاصل نہ کرنے پر اس کے خلاف محکمہ نے حسب ضابطہ کارروائی شروع کر دی ہے۔ متعلقہ اتھارٹی کا حکم نامہ جاری کرنے کیلئے ڈپٹی ڈائریکٹر بٹگرام نے بذریعہ چھٹی نمبر H-2035/11 مورخہ 18-11-2008 کو مطلع کر دیا ہے۔ چونکہ بقایا کام کی اجازت مذکورہ اتھارٹی سے ملنے پر ٹھیکیدار کے Risk & cost پر کام ہونا ہے جس کیلئے اضافی پیسوں کی بھی ضرورت ہے۔ یہ رقم محکمہ کے متفرق دفاتر میں ٹھیکیدار کی سیکیورٹی کی صورت میں پڑے پیسوں کو یکجا کر کے ٹینڈر لگانا ہے، اس کارروائی پر عمل جاری ہے۔ مزید تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Any supplementary question regarding this one, matter?

جناب شاہ حسین خان: زۂ مطمئن یم جی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، اس میں ایک سپلیمنٹری ہے۔ شاہ حسین صاحب کی مہربانی ہے کہ انہوں نے، چونکہ یہ اب ہاؤس کی پراپرٹی ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ یہ معاملہ ہاؤس کے سامنے آئے۔ مجھے نہیں پتہ کہ شاہ حسین صاحب اس بات سے کس طرح مطمئن ہیں؟ یہ کنٹریکٹ جو ان کا Document لگا ہوا ہے جناب، یہ Page 2 پہ آپ اگر دیکھیں، یہ کنٹریکٹ ان کو الاٹ ہوا ہے 26-08-2004 کو اور کل رقم اس وقت سترہ ملین تھی جس کا یہ کنٹریکٹ تھا اور جناب سپیکر، 30-06-2007 تک اس کو مکمل ہونا تھا۔ جناب سپیکر، 2007 کی بجائے جب سترہ مہینے گزر گئے اور شاہ حسین صاحب نے یہ کوسچن بھیجا تو اس کا جواب کیا وہ لکھتے ہیں؟ وہ کہتے ہیں کہ اس کیلئے ہم نے بائیس ملین روپے کنٹریکٹر کو دے دیا تھا۔ یہ کل کنٹریکٹ جناب سپیکر، سترہ ملین کا تھا، بائیس ملین روپیہ ڈیپارٹمنٹ نے کنٹریکٹر کو دے دیا ہے اور Seventeen months گزرنے کے بعد۔ اگر ہمارے آنریبل ایم پی اے، شاہ حسین صاحب پوائنٹ آؤٹ نہ کرتے تو کبھی بھی ڈیپارٹمنٹ آپ کو، اس ہاؤس کو یا اپنے سیکریٹریز کو نہ بتاتا۔ جناب سپیکر، اسی کے اگلے صفحے میں وہ کہتے ہیں کہ جب شاہ حسین صاحب نے یہ کوسچن بھیجا تو انہوں نے موقع پہ جا کے کام دیکھا، انہوں نے کنٹریکٹر کو بلایا اور انہوں نے کہا کہ یہ کام Incomplete ہے۔ جناب سپیکر، چودہ ملین کا کام ابھی Incomplete تھا، بائیس ملین روپے Already کنٹریکٹر لے چکا تھا، کل کنٹریکٹ جو الاٹ ہوا تھا، وہ سترہ ملین کا تھا، اب وہ کہہ رہے ہیں جی کہ چودہ ملین کا کام باقی بچتا ہے، انہوں نے ڈیپارٹمنٹ کو کہا کہ دس ملین روپے دیئے جائیں۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Javed Abbassi Sahib! you are discussing the question, now what is your supplementary question?

جناب محمد جاوید عباسی: جی، سر۔ سر، میں کہتا ہوں کہ یہ Classical fraud جو Commit کیا گیا ہے، آپ اگر یہ لیٹر ذرا دیکھیں، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ سترہ ملین کا کنٹریکٹ الاٹ ہوا تھا، بائیس ملین روپیہ کنٹریکٹر ڈیپارٹمنٹ سے لے گیا۔ جب شاہ حسین صاحب نے کوئسچن کیا تو اس نے موقع پہ جا کے کام دیکھا، ابھی کام چودہ ملین کا باقی رہتا ہے پھر انہوں نے کہا کہ ابھی چودہ ملین کا رہتا ہے تو ہم اس کی سیکیورٹی Forfeit کرتے ہیں۔ جب سیکیورٹی Forfeit کرنے کی کوشش کی تو وہ جناب تین ملین کی تھی، انہوں نے ابھی دس ملین روپیہ اس کنٹریکٹ کیلئے اور مانگا ہے۔ ہم کہہ رہے ہیں جی کہ ایک کام کیلئے اتنا ٹائم گزرا ہے، اتنا بڑا پیسہ جو ہے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب محمد جاوید عباسی: میں آپ کو سپورٹ کر رہا ہوں، اتنا بڑا پیسہ ضائع ہوا ہے، یہ تو فوری طور پہ اس پہ Satisfy نہیں ہونا چاہیئے، اس کو تو کمیٹی کے حوالہ ہونا چاہیئے تاکہ پتہ چلے کہ کن کن لوگوں نے اتنا بڑا فراڈ کیا؟ اور ان کے اوپر کیس رجسٹر ہونا چاہیئے، ان سے پیسہ Recover کرنا چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، آپ تشریف رکھیں۔ ارشد عبداللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب، میں اس پہ کچھ بات کرنا چاہتا ہوں، مجھے چانس دیا جائے، پہلے بھی مجھے چانس نہیں دیا۔

جناب محمود عالم: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Related دے؟ ہم نے نہیں کیا۔ مفتی کفایت اللہ صاحب۔ د دوئ مائیک تھیک کړئ، دا مائیک ورته برابر کړئ۔ جناب مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، میرا مائیک بند ہے، اگر آپ کی اجازت ہو تو میں اپنی سیٹ بدل سکتا ہوں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: بالکل اجازت ہے، بالکل اجازت ہے آپ کو، ایسے بھی ستا آواز بنه دے۔

حاجی قلندر خان لودھی: آواز ماشاء اللہ بہت اچھی ہے جی۔ مفتی صاحب ادھر آ جائیں۔ نہیں، ادھر آ جائیں۔

مفتی کفایت اللہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر، بہت بہت شکریہ۔ یہ جو ضمنی سوال، سوال نمبر سترہ پر میں دے رہا ہوں، اس میں جی ہمیں ایک Document پکڑائی گئی ہے، جس میں انہوں نے لکھا

ہے کہ فائنل نوٹس اور مجھے یہ بھی نہیں معلوم کہ میرا جواب کون دے گا؟ اسلئے کہ محترم وزیر اعلیٰ صاحب تو نہیں ہیں اور اگر بشیر صاحب جواب دے رہے ہیں تو اس وقت سیریس نہیں ہیں، Kindly وہ ذرا متوجہ ہو جائیں۔ جناب سپیکر، تو ٹھیکیدار کو جو نوٹس جاری کیا گیا ہے، انہوں نے اس کو بتایا ہے کہ یہ فائنل نوٹس ہے حالانکہ یہ بات غلط ہے جی۔ اگر یہ فائنل نوٹس ہوتا تو اس سے پہلے جو Second last notice تھا، وہ جاری ہونا چاہیئے تھا پھر Third last notice کو جاری ہونا چاہیئے تھا، وہ Notices نہیں ہیں جی، یہ فائنل نوٹس ہے۔ دوسری بات جو میں گزارش کر رہا ہوں کہ محترم معزز رکن اسمبلی، شاہ حسین خان اگر یہ کوئسچن نہ کرتے تو یہ مجرمانہ غفلت پڑی رہتی اور آج بھی ہوتی۔ انہوں نے Raise کیا ہے، جتنی Correspondence ہوئی ہے، ان کے سوال کے بعد ہوئی ہے۔ اگر چیف انجینیئر کو خط لکھا گیا یا یہ فائنل نوٹس لکھا گیا تو وہ دونوں اس پوزیشن میں ہیں کہ ان کا سوال آیا، اگر ان کا سوال نہ آتا تو ایسا نہ ہوتا۔ جناب سپیکر، عجیب بات یہ ہے کہ بائیس ملین کی Payment ہو گئی ہے جی اور بائیس ملین روپے گراونڈ پر نہیں ہیں جی، بائیس ملین کی Payment تمام قانونی تقاضوں کو بالائے طاق رکھ کر کیوں کی گئی جی؟ میرا یہ سوال بنتا ہے کہ آخر وہ کونسی وجوہات تھیں جن کی بنیاد پر ہارون اینڈ سنز کنٹریکٹر کو بائیس ملین کی Payment کی گئی اور جب یہ بتایا گیا کہ یہ کام سست رفتاری سے جاری ہے اور اس کو Supercede کیا جائے اور اس کی سیکورٹی ضبط کی جائے اور اس کا آخری جو بل ہے، وہ بھی ضبط کر دیا جائے۔ قابل احترام سپیکر صاحب، آپ کی توجہ سے عرض کر رہا ہوں کہ اس شخص کی جو سیکیورٹی ہے، وہ 5.948 ملین ہے اور اس کا جو ایڈوانس بل اس نے لیا تھا، جس کو محکمے نے روک دیا ہے، وہ ہے 3.800 ملین جی، یہ کل بنتا ہے، اگر ہم اس کے خلاف کارروائی کرتے ہیں، اس بہت بڑے ٹھیکیدار کے خلاف کارروائی کرتے ہیں تو ہمارے پاس اس کے پیسے پڑے ہوئے ہیں 9.748، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اب بھی محکمے نے جو پیسے دیئے ہیں، ان تمام کو اگر پلس اور مائنس کر دیا جائے تو 5.040 اتنے پیسے، اس کی کوئی صورت نہیں ہے کہ ہم ٹھیکیدار سے وصول کریں۔ تو معزز منسٹر صاحب اگر یہ بتائیں کہ وہ آدمی بھی ٹھیک نہیں ہے، اس کو Reminder بھی کر دیا گیا ہے اور تمام باتوں کے باوجود وہ یہ لکھتا ہے ان کے سامنے۔ "And the incomplete work amounting to Rs. 14.788 million be carried out at his risk and cost" یعنی اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اس آدمی نے مان لیا کہ وہ چور ہے، اب اس چور سے 5.040 روپیہ کس طرح وصول ہو گا؟ میری جو معلومات ہیں، ان کے مطابق تو یہ وصول نہیں ہو سکتا۔ تو یہ کیا ہوا ہے، برائے مہربانی اس کی وضاحت کی جائے؟

<u>Mr. Mehmood Alam:</u> Point of order, Sir.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جناب ارشد عبداللہ صاحب۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور:</u> شکریہ جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> آپ کا کوئسچن بھی اسی معاملے سے متعلق ہے؟

<u>جناب محمود عالم:</u> جی نہیں، میں اسی معاملے میں نہیں، یہاں میرے پاس کچھ کوئسچن پیپر آئے ہیں میرے نام پہ تو یہ جو کوئسچن دیئے گئے ہیں، صوبائی اسمبلی سیکریٹریٹ سے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ٹھیک ہے، آپ تشریف رکھیں۔ آپ کو موقع دے دیتے ہیں، تشریف رکھیں۔ ابھی مطلب ہے فلور ارشد عبداللہ صاحب، آنریبل منسٹر کو دے دیا ہے۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور:</u> شکریہ، سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے اتنی میں گزارش کر دوں جی کہ یہ شاہ حسین صاحب کی بڑی مہربانی ہے کہ ورکس اینڈ سروسز کے کام پہ انہوں نے بھرپور فوکس کیا ہے اور توجہ دی ہے اور انہی کی کوششوں کی وجہ سے ڈیپارٹمنٹ کی جتنی کوتاہیاں ہیں، وہ سامنے آئیں، اس کے اوپر ایکشن ہوا۔ دوسری بات یہ ہے کہ اب یہ جواب میں ہم نے لکھا ہوا ہے کہ جتنا بھی بقایا کام ہے، وہ ٹھیکیدار کے Risk & cost پہ ہو گا تو لہذا محکمے کے پاس جتنے بھی اس کے ٹھیکے جا رہے ہیں، اس کی سیکیورٹیز جتنی بھی ہیں، ان میں سے اس کی وصولی ہو گی Otherwise جو بھی Existing laws ہیں یا اس کو بلیک لسٹ کرنا ہے یا اس کے خلاف کوئی اور قانونی کارروائی کرنی ہے تو وہ انشاء اللہ ہو گی اور حکومت کا ایک ایک پیسہ جو ہے، وہ Recover کریں گے۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جناب سپیکر، ہماری بات یہ تھی کہ اگر یہ Risk & cost پہ پیسے پورے ہوتے اور یہ کر سکتے ہیں تو پھر ٹھیک ہے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> عباسی صاحب! آپ ان کو تو موقع دے دیں۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> سر، انہوں نے کہہ دیا۔۔۔۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Let him explain.

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> سر، انہوں نے کہہ دیا کہ ہم Risk & cost پہ اس کو، اس ٹھیکیدار کے پاس تو پیسے ہی نہیں تھے، یہ تو انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں دس ملین روپیہ اور چاہیئے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> انہوں نے اپنی بات تو ختم نہیں کی ہے، Let him explain۔ آپ تشریف رکھیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: جیسا کہ میں نے گزارش کی کہ جو بھی قانونی تقاضے ہیں، وہ پورے ہونگے۔ یہ میں ہاؤس کو Assure کرتا ہوں کہ ان سے ایک ایک پیسہ ہم انشاء اللہ وصول کریں گے، Otherwise he will be put to criminal liabilities، جو بھی اس کی بنتی ہیں قانون کے اندر، اس کو انشاء اللہ ہم چھوڑیں گے نہیں اور اس کے خلاف سخت ایکشن لیں گے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب، یہ معاملہ ہم چاہتے ہیں کہ آپ مہربانی کریں، یہ بڑا فراڈ ہوا ہے، پیسے ہیں، یہ کمیٹی کے حوالہ ہونا چاہیئے۔ جب تک یہ کمیٹی، دیکھیں سر، بائیس ملین لے گئے ہیں، دس ملین اور مانگ رہے ہیں جبکہ رقم صرف چار ملین ہے۔۔۔۔۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، کمیٹی کا یہ ہے کہ یہ شاہ حسین کا سوال ہے جی، شاہ حسین کا سوال ہے، وہ Mover ہیں، He is satisfied۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، یہ ہاؤس کی پراپرٹی ہے، آپ ہمارے سامنے آئیں، یہ ہمیں Satisfy کریں گے۔۔۔۔۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: شاہ حسین کا سوال ہے اور وہ Satisfied ہیں۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، آپ اس کو کیوں چھپا رہے ہیں؟ اتنا بڑا فراڈ ہوا ہے۔ اتنا بڑا فراڈ کیا گیا تو آپ کو سپورٹ نہیں کرنا چاہیئے محکمے کو۔ آپ محکمے کو کس لئے سپورٹ کر رہے ہیں؟ اگر وہ اتنا بڑا فراڈ کرتا ہے تو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب بیرسٹر عبداللہ۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شاہ حسین صاحب، شاہ حسین صاحب۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب سپیکر! اس میں تھوڑا سا مجھے موقع دیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: ہم اس کو اس طرح کسی طرح جانے نہیں دیں گے، یہ فراڈ ہے۔۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شاہ حسین صاحب کو موقع دیتے ہیں، شاہ حسین صاحب۔

جناب شاہ حسین خان: خبره دا ده جي ما سوال کړے دے او زۀ ترے مطمئن يمه۔ چه زۀ Mover يمه او زۀ ترے مطمئن يمه نو بس دے کنه جي۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Thank you very much. جب Mover مطمئن ہیں تو مطلب ہے کہ بات نہیں۔۔۔۔۔

(شور)

Mr. Deputy Speaker: Now come to next Question No. 91…….

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، جب سوال آ جاتا ہے اسمبلی میں تو وہ اسمبلی کی ملکیت بن جاتا ہے۔ میں ایک بات کرتا ہوں جی۔ اس سلسلے میں میری ایک تجویز ہے جی۔ جناب سپیکر! میرے پاس تجویز ہے۔ تجویز۔۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: میں درانی صاحب سے کہوں گا، درانی صاحب اس کو کس طرح۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: یہ بڑی آفت ہے، اس میں اتنا بڑا فراڈ ہوا ہے۔ جس نے کوئسچن کیا ہے، محکمہ والوں نے اس کو بتایا ہے اور وہ بیٹھ گیا ہے، بہت بڑا افسوس ہے جی اس اسمبلی کے اندر۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، میری ایک تجویز ہے۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: اتنا بڑا فراڈ ہوا ہے، اتنا بڑا پیسہ ضائع ہوا ہے، وہ اس اسمبلی میں کس طرح بیٹھے ہوئے ہیں؟

Mr. Deputy Speaker: Question No. 91, Dr. Zakirullah……

(شور / قطع کلامیاں)

جناب محمد جاوید عباسی: یہ جی بہت بڑا فراڈ ہے۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: یہ سارے کاغذات کہہ رہے ہیں کہ بائیس ملین روپے کی Payment ہوئی ہے محکمے کے اندر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر ذاکر اللہ۔

جناب محمد جاوید عباسی: جب تک کمپنی یہ پیسے نہ جمع کرے، کس طرح ہم اس کو چھوڑ سکتے ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں۔ سوال نمبر 91، ڈاکٹر ذاکر اللہ۔ Not present. کوئسچن نمبر 155، مسٹر اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: میں جی ایک تجویز دیتا ہوں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: آپ میرے سوال میں بھڑاس نکال لیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ یہ فراڈ ہوا ہے۔ اسمبلی کے اندر سب کو پتہ ہے کہ کتنا بڑا فراڈ ہے۔ اس کو کس لئے چھپا رہے ہیں؟۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب، میری ایک تجویز ہے کہ یہ جو ٹھیکیدار ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ ایک ہی ڈیپارٹمنٹ کا کوسچن ہے، ان کا کوسچن بھی یہی ہے۔ دیکھتے ہیں کہ کیا۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: کنٹریکٹر ہارون اینڈ سنز، اس۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں، تشریف رکھیں۔ جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور صاحب۔

* 155 ۔ جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور: کیا وزیر تعمیرات و خدمات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 08-2007 میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینیئرنگ نے VDOs سکیموں اور دیگر سکیموں میں سینکڑوں کی تعداد میں بھرتیاں کی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو منظور شدہ پوسٹوں کی تعداد، بھرتی کا طریقہ کار، اشتہار، ٹیسٹ وانٹرویو، امیدواروں کے کوائف یعنی نام، پتہ، سکونت و عمر وغیرہ اور بھرتی شدہ افراد کے کوائف بھی بمعہ نام، پتہ و عمر وغیرہ کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ ان بھرتی شدہ افراد کو مختلف واٹر سپلائی سکیموں پر تعینات بھی کر دیا گیا ہے؛

(د) اگر (ج) کا جواب اثبات میں ہو تو ان تمام افراد کے نام اور واٹر سپلائی سکیم، جہاں ان کی تعیناتی ہوئی ہے، کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(ہ) آیا یہ درست ہے کہ کلاچی واٹر سپلائی سکیم محکمہ پبلک ہیلتھ کی بجائے ٹی ایم اے کلاچی چلا رہی ہے، جس کیلئے بھرتی بھی ہوئی ہے؛

(و) اگر (ہ) کا جواب اثبات میں ہو تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب وزیر اعلیٰ: (جواب بیرسٹر ارشد عبداللہ، وزیر قانون و پارلیمانی امور نے پڑھا): (ا) جی ہاں۔

(ب) منظور شدہ پوسٹوں کی تعداد 1174 ہے۔ ایسے سکیموں کیلئے چونکہ زمین مقامی لوگ مفت مہیا کرتے ہیں، لہذا بھرتی میں انہی کے افراد کو ترجیح دی جاتی ہے جو کہ حکومت کے نوٹیفیکیشن کے مطابق سلیکشن کمیٹی کے تحت عمل میں لائی جاتی ہے جبکہ اشتہار بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر SOR-I(S&GAD)4-1/80، بتاریخ 31-01-1989 کی ضرورت نہیں۔ تاحال ٹوٹل 1189 افراد بھرتی کئے گئے، جن میں پندرہ خالی آسامیاں بھی شامل ہیں، جن کے نام، پتہ، عمر اور ضلع وار تفصیل فراہم کر دی گئی ہے۔

(ج) جی ہاں۔

(د) مکمل تفصیل جز(ب) میں موجود ہے۔

(ہ) جی ہاں۔ یہ سکیم ٹی ایم اے کلاچی چلارہی ہے لیکن اس کیلئے محکمہ ورکس اینڈ سروسز نے کسی فرد کو بھرتی نہیں کیاہے۔

(و) جواب اثبات میں نہیں ہے۔(مزید تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے)

Mr. Deputy Speaker: Any supplementary?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں میری گزارش ہے، اگر منسٹر صاحب مجھے سن رہے ہیں۔ سر، جز(ب) کے جواب میں یہ لکھتے ہیں کہ اشتہار بحوالہ نوٹیفیکیشن 31 جنوری 1989 اس کوایڈورٹائز کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ سر، یہ چیز تو ہمارے علم میں پہلے کبھی نہیں تھی کہ گیارہ سو کے قریب بھرتیاں ہوں اور محکمہ یہ کہے کہ 31 جنوری 1989 کوایک نوٹیفیکیشن ہوا ہے کہ اس کوایڈورٹائز کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ میں سر، اس میں گورنمنٹ سے یہ استدعا کروں گا کہ مہربانی کر کے اسے کمیٹی کو ریفر کر دیں کیونکہ آگے چل کر انہوں نے ہمیں جو فہرست دی ہے۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، اس میں میری سپلیمنٹری ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عبدالاکبر صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، اس سوال کے تحت کلاس فور کیلئے ایڈورٹائزمنٹ کی اگر ضرورت نہیں ہے تو کیاوزیر صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ صوبے میں جو بھی کلاس فور بھرتی ہوئے ہیں، ان کا کوئی ایڈورٹائز نہیں ہوا؟ وہ پوسٹیں ایڈورٹائز نہیں ہوئی ہیں اس نوٹیفیکیشن کے تحت؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ارشد عبداللہ صاحب۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، چونکہ Previous governments سے اس کا تعلق ہے اور میرے خیال میں یہ تمام سوائے پندرہ آسامیوں کے میرٹ پہ لیے گئے ہیں یا جو اس وقت Criteria ہے، جو Criteria ہے سر، اسی کے اوپر یہ ہوئے ہیں اور۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جب ایڈورٹائز نہیں ہوا ہے تو میرٹ کہاں سے آگیا، جناب سپیکر؟

جناب ڈپٹی سپیکر: اس میں ایک چیز میں آپ کے، مطلب ہے I would like to add in this one، بات یہ ہے کہ رولز میں یہ بات ہے کہ جس ڈسٹرکٹ میں ایمپلائمنٹ ایکسچینج ہو تو وہاں پر اشتہار کی

ضرورت نہیں ہے، وہاں کے Jobless لوگ جاتے ہیں اور وہاں پہ وہ کارڈ بناکر رجسٹریشن کرتے ہیں اور ڈیپارٹمنٹ کو بھیجتے ہیں، یہ رولز ہیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> سر، میں نے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> یہ مجھے اتنا، یہ رولز ہیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> سر، میرا سپلیمنٹری ہے کہ کیا حکومت۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u>In case of class IV، کلاس فور میں یہ رولز ہیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> سر، میں نے سپلیمنٹری کیا کہ کیا حکومت، اگر یہ نوٹیفیکیشن ہے اور جس طرح آپ کہہ رہے ہیں تو کیا حکومت کلاس فور کیلئے کوئی ایڈورٹائزمنٹ نہیں کرتی؟

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> ضمنی ہے اس پر جی۔۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات، انتخابات ودیہی ترقی)}:</u> اس کیلئے میں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> بشیر بلور صاحب۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> جناب سپیکر! اس پہ سپلیمنٹری ہے۔

<u>سینیئر وزیر بلدیات، انتخابات ودیہی ترقی:</u> میں اس کیلئے عرض کرتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> میں یہ سپلیمنٹری کہہ دوں، آپ بعد میں عرض۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> چلیں ان کا، مفتی کفائت اللہ صاحب۔

<u>مفتی کفائت اللہ:</u> یہ سوال ہے جی اسرار اللہ خان گنڈاپور کا اور محکمہ سے یہ سوال کیا گیا ہے پورے صوبے کے بارے میں جی اور جو ہمارے محترم اور معزز محکمے نے جواب دیا ہے، انہوں نے VDOs سکیمز میں پورے صوبے سے متعلق جواب نہیں دیا، صرف ڈی آئی خان کی فہرست انہوں نے دی ہے۔ اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اگر کوئی آدمی سوال کرے تو اس کے ضلع کی تفصیلات فراہم کر کے اسے مطمئن کر دیا جائے اور باقی صوبے کو ابہام میں رکھا جائے، یہ غلطی ہوئی ہے اور جی ایسا کیوں ہوا ہے؟

<u>Mr. Mehmood Alam:</u> Mr. Speaker, point of order.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جناب، اسی سلسلے میں۔۔۔۔۔

<u>جناب محمود عالم:</u> نہیں، اسی سلسلے میں نہیں لیکن یہاں کچھ کو نسچنز ہیں۔

<u>وزیر قانون وپارلیمانی امور:</u> نہیں، اس میں مفتی صاحب کا جواب ضروری ہے۔۔۔۔۔

جناب محمود عالم: یہ بہت ضروری ہے، سپیکر صاحب۔ یہ میرے نام پہ کسی نے اسمبلی کو کُسچن کر کے میرے ٹیبل پر بھیجا ہے۔ یہ کوئسچن میرا نہیں ہے اور اس کی تحقیقات کی جائیں کہ میرے نام پہ، ایک اسمبلی ممبر کے نام پہ یہ سوالات کس نے کیے ہیں؟ کوئسچن نمبر 348 اور اس کے علاوہ کوئسچن نمبر 364، کوئسچن نمبر 361 اور کوئسچن نمبر 372 میں بھی میرا نام استعمال کیا گیا ہے حالانکہ یہ کوئسچنز میں نے نہیں کیے ہیں۔ جس نے بھی کیے ہیں، اس کی تحقیقات کی جائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمود عالم صاحب! آپ سیکریٹریٹ والوں سے رابطہ کر لیں، ان کو دے دیں کہ کیا چیز ہے اس میں؟

جناب محمود عالم: بھئی، یہ ایک اسمبلی ممبر کے نام پہ، یہ کوئسچن میری موجودگی کے بغیر، میں نے لکھ کر نہیں دیا ہے، یہ کوئسچن کون کر رہا ہے؟ میں اس کی تحقیقات کر رہا ہوں، میرا نام کیوں استعمال کیا جا رہا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب بشیر بلور صاحب! آپ ان کا جواب دیں گے یا جناب ارشد عبداللہ صاحب؟

وزیر قانون و پارلیمانی امور: میں؟ ان کا تو پتہ نہیں جی، ان کا تو اسمبلی سیکریٹریٹ جواب دے گا جو ان کا کہنا ہے کہ سوالات میں نے نہیں کیے، کسی اور نے کیے ہونگے۔ میں مفتی صاحب کا جواب دوں گا کہ یہ سر، ہم نے جو Answer اس کا دیا ہے، That is based on about 70 pages ستر صفحوں کا تھا تو پھر ہم نے گنڈا پور صاحب سے بات بھی کی تھی کہ اس کی فوٹو سٹیٹ کے اوپر پینتیس چالیس ہزار روپے لگتے ہیں تو Limited، سب کیلئے تقسیم نہیں ہوا۔ باقی ڈیٹیل ہم نے دی ہوئی ہے، گنڈا پور صاحب کے پاس ہے تمام ضلعوں کی۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، اس کا طریقہ یہ نہیں ہے جی۔ طریقہ یہ ہے کہ یہ سوال پر نظر ثانی کریں گے یعنی گنڈا پور صاحب دست بردار ہونگے کہ مجھے چوبیس اضلاع میں سے ایک ضلع کا چاہیئے اور تئیس کا نہیں چاہیئے۔ جب سوال یہ موجود ہے تو یہ Verbally بات کر کے اس سے صرف نظر نہیں کر سکتے جی، یہ اس غلطی کو Admit کر رہے ہیں، اس کو کمیٹی کے سپرد کر دیں جی۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: اسمبلی سیکرٹیریٹ میں جی ہم نے کوئی بیس پچیس کاپیاں جمع کرائی ہوئی ہیں تو وہاں سے پورے صوبے کی تفصیل لے سکتے ہیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور: سر، میری جو گزارش تھی جی کہ اگر آپ۔۔۔۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: دوسری بات یہ ہے جی کہ ہمیں اعتراض نہیں ہے۔اگر کمیٹی کو بھجوانا چاہتے ہیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

Mr. Israr Ullah Khan Gandapur: Thank you, Sir.

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جی۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، سپلیمنٹری کا کیا ہوا؟ بشیر خان، آپ جواب دیں گے کہ کیا کلاس فور کیلئے اب مطلب ہے ایڈورٹائزمنٹ کی ضرورت نہیں ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر بلدیات و دیہی ترقی: سپیکر صاحب، څنګه چه تاسو اوفرمائیل چه کوم ځائے کښے دا ایمپلائمنټ ایکسچینج نشته، هلته به ایډورټائزمنټ کیږی، چرته ایمپلائمنټ ایکسچینج شته، هلته به ایډورټزمنټ نه کیږی کلاس فور د پاره۔ That is rule and we will implement that rule.

جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک ہے، پھر ایڈورٹائزمنٹ نہیں ہو گی۔ جہاں پر ایمپلائمنٹ ایکسچینج ہے، وہاں نہیں ہو گی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، گورنمنٹ چونکہ Agree ہے تو کمیٹی کو ریفر کرا دیں۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں بالکل۔

آوازیں: ہاں بالکل۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Is it…..

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں، پلیز۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: ما له به موقع را کوئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بنه ټهیک شوه، یو منټ، یو منټ۔ Is it the desire of the House, that the Question No. 155, asked by the Hon'able Member be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee.

جناب محمد ظاہر شاہ خان: سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: فرمائیں جناب ظاہر علی شاہ صاحب، کیا بات ہے؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: سپیکر صاحب، زما د هیلتھ باره کښے یو سوال وو، هغه چه په ایجنډه باندے راولئی نو ډیره مهربانی به وی۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، آپ بیٹھیں کوسچن نمبر 156، جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب، آنریبل ممبر۔

* 156 ۔ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر تعمیرات وخدمات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں محکمہ ورکس اینڈ سروسز کی بعض سکیموں پر تحفظات کیساتھ نیب کی ٹیم نے ریکوری بھی کی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ان تمام معائنہ شدہ سکیموں کے نام اور ٹھیکیداران کے نام وپتے فراہم کئے جائیں؛

(ii) ان تمام افراد، جن سے ریکوری کی گئی ہے، کے نام، پتے، سکونت، عہدہ اور ریکور شدہ رقوم کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب وزیر اعلیٰ: (جواب بیرسٹر ارشد عبداللہ وزیر قانون وپارلیمانی امور نے پڑھا): (ا) جی ہاں۔

(ب) (i) نیب صوبہ سرحد نے محکمہ ورکس اینڈ سروسز ڈی آئی خان میں دو سکیموں میں انکوائری کی تھی، جس میں (2) گلوٹی کنڈل روڈ فیز ون 67 کلو میٹر (2) شیخ بدین روڈ شامل ہے۔ نیب نے متعلقہ افسران اور ٹھیکیداروں سے وصولی کی ہے۔ نیب صوبہ سرحد نے مزید وضاحت کی ہے کہ مذکورہ ملازمین اور ٹھیکیداروں سے وصولی کے بعد الزامات سے بری الذمہ قرار دیا جاتا ہے، اگر ان کے خلاف کوئی اور کیس نہ ہو۔

(ii) ان تمام افراد کے نام، پتے، سکونت اور عہدوں کی نقل فراہم کر دی گئی ہے جبکہ ریکور شدہ رقوم کے بارے میں نیب نے محکمہ ہذا کو مطلع نہیں کیا گیا ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Any supplementary question please?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ، سر۔ سر، اس میں میرا سپلیمنٹری کوسچن یہ ہے کہ میں نے ان سے یہ پوچھا تھا کہ نیب والوں نے اس میں کتنی ریکوری کی ہے؟ سر، انہوں نے ایک تو جواب پورا نہیں دیا، انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے پاس لسٹ نہیں ہے، نام دیئے ہیں اور اس کے سامنے جو Amount ہے،

وہ ریفلیکٹ نہیں کی۔ سر، ایک تو اسمبلی کو جو مٹیریل پیش کئے گئے ہیں، میرا خیال ہے کہ یہ اس اسمبلی کے استحقاق کو مجروح کیا گیا ہے کہ نام موجود ہیں اور اس کی Amount موجود نہیں ہے۔ اماؤنٹ سر، میں بتاتا ہوں۔ اس میں سر، چھ کروڑ، انچاس لاکھ کی ریکوری ہوئی تھی اور یہ جو پہلے نمبر پر صاحب ہیں جو کہ آج کل چیف انجینیئر پبلک ہیلتھ ہیں، انہوں نے اکیلے تین کروڑ، بیالیس لاکھ روپے جمع کئے تھے۔ تو سر، اگر ایک بندہ تین کروڑ، بیالیس لاکھ روپے جمع کرتا ہے اور آج کل بھی ایک Lucrative post پر ہے اور جب سوال جاتا ہے تو حقائق کو تہس نہس کر کے اس انداز میں پیش کرتا ہے۔ سر، چھ کروڑ، انچاس لاکھ کی ساری ریکوری تھی، تین کروڑ، بیالیس لاکھ جو پہلے نمبر پہ ہے، میں نام نہیں لینا چاہتا، سب کے سامنے ہے اور آجکل وہ چیف انجینئر، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ہے۔ سر، میں سمجھتا ہوں کہ اگر محکموں میں ایسے افراد بیٹھے ہونگے کہ اگر ہم سوال کریں گے تو ہمیں پوری Amount کا پتہ نہیں چلے گا کیونکہ پھر تو سب کے کان کھڑے ہو جائیں گے کہ ایک بندہ اکیلے تین کروڑ، بیالیس لاکھ جمع کرتا ہے تو سر، اس کی Paying capacity کا سب کو پتہ چل گیا ہے۔ میں سر، یہ درخواست کروں گا کہ اس کو کمیٹی کو ریفر کرا دیں، ہم ان سے لسٹ مانگیں گے اور ان سے یہ پوچھیں گے کہ انہوں نے ایسا کیوں کیا؟ انیس بندے اور چھ کروڑ سے زیادہ کی Amount میں آدھے سے زیادہ وہ بندہ Pay کرتا ہے اور آجکل بھی Lucrative post پہ ہے۔

<u>جناب عنایت اللہ خان جدون:</u> جناب سپیکر، اس پر سپلیمنٹری ہے۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> جناب سپیکر، اس پہ سپلیمنٹری ہے جی۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> قلندر لودھی صاحب۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر، گنڈاپور صاحب نے جو اپنا ضمنی سوال کیا ہے، میں اس کو اور Forceful کرتا ہوں کہ یہ عجیب بات ہے کہ ایک آدمی نیب کے کیس میں آتا ہے اور پھر اس پر تین کروڑ، بیالیس لاکھ روپیہ جمع کرا دیتا ہے اور پھر اسی پوسٹ پر کام کرتا ہے تو وہ کیا کرے گا؟ اس ملک کو لوٹے گا نہیں؟ اس صوبے کو وہ لوٹے گا نہیں؟ وہ اپنے پیسے پورے نہیں کرے گا؟ یہ کونسا انصاف ہوا؟ یہ کونسا قانون ہے کہ ایک آدمی اتنا کرپٹ ہے اور تین کروڑ، بیالیس لاکھ روپیہ اس پر ثابت ہوتا ہے اور وہ دے دیتا ہے، ہنسی خوشی دے دیتا ہے اور اس کے بعد پھر اسی سیٹ پر ہے جی؟ جناب سپیکر، اس کو۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت اللہ جدون صاحب۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب سپیکر، اسی کیساتھ میرا بھی ضمنی سوال ہے کہ جو بندہ تین کروڑ، بیالیس لاکھ روپے جمع کرتا ہے تو یہ آپ دیکھیں کہ اس نے اصل میں کھائے کتنے ہیں؟ تین کروڑ، بیالیس لاکھ تو اس نے جمع کرا دیے ہیں، جو کھائے ہیں تو ان کی ڈیٹیل بھی ہونی چاہیئے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عبدالاکبر صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں رول 48 کے تحت اس پر نوٹس دیتا ہوں کہ اس پر ڈسکشن کی جائے اور اس کے بعد اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر۔

مفتی کفایت اللہ: میری ضمنی ہے جی۔ اس پر میری ضمنی ضائع تو نہیں ہو گی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: بڑی مہربانی جی۔ محکمے نے جی جز (ب) میں شق نمبر دو کے تحت جواب دیا ہے کہ ان تمام افراد کے نام، پتے، سکونت اور عہدوں کی نقل منسلک ہے جبکہ ریکور شدہ رقم کے بارے میں نیب نے محکمہ ہذا کو مطلع نہیں کیا، یہ اس میں ابہام ہے جی۔ میرا سوال ٹیکنیکل سائڈ پر ہے کہ انہوں نے ابہام کرنا تھا یا انہوں نے Correspondence کرنی تھی، وہ خط وکتابت، وہ مراسلے دکھائے جائیں جو انہوں نے نیب سے کیے ہیں کہ آپ نے کتنے پیسے ریکور کیے ہیں؟ اور نیب نے اس کا جواب Nil دیا ہے تو اس کے بعد پتہ چلا ہے کہ نیب کی غلطی ہے۔ اس وقت تو میں محکمے کی غلطی سمجھتا ہوں کہ محکمے نے یہ پوچھنے کی زحمت ہی گوارا نہیں کی کہ آپ کے پاس انہوں نے کتنے پیسے جمع کر لیے؟ اور اس میں کوئی خفیہ باتیں ہوں گی اور دوسری بات مجھے خدشہ ہے کہ نیب والوں سے اس وقت لوگ ڈراہت کرتے تھے، ہو سکتا ہے نیب والوں نے فون کیا ہو اور ان کو ڈرایا ہو اور انہوں نے کوئی خط وکتابت نہ کی ہو۔ تو میرا سوال یہ بنتا ہے کہ انہوں نے کونسی خط وکتابت کی ہے جی؟

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مرید کاظم صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں میری یہ گزارش ہو گی کہ عبدالاکبر خان نے نوٹس کا کہا ہے، وہ اس کو Withdraw کریں اور گورنمنٹ سے میری استدعا ہو گی کہ اس کو کمیٹی کو ریفر کر دے۔

جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک ہے جی، اگر گورنمنٹ اس پر راضی ہوتی ہے کمیٹی کے پاس لے جانے کیلئے تو میں Withdraw کرتا ہوں۔

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مرید کاظم صاحب۔

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ: سر، چونکہ یہ دونوں روڈز میرے حلقے کی ہیں جی، ان میں ایک روڈ تو Complete ہوئی ہے لیکن اس میں بھی چھ کلومیٹر روڈ رہتی ہے اور ایک روڈ تو شیخ بدین ہے جی، وہ اسی نیب کی وجہ سے اس پر کام انہوں نے بند کیا ہوا ہے اور آج تک اس پر کام نہیں ہو رہا اور یہ ایک بہت اہم جگہ کی روڈ ہے۔ شیخ بدین جو ہمارے جنوبی اضلاع کیلئے ایسا مقام ہے جو نتھیا گلی جس طرح ہے جی، تو کیا منسٹر صاحب مجھے بتائیں گے کہ اس روڈ پر کام کب شروع کیا جائے گا اور اب تو نیب کا کام ختم ہو گیا ہے، یہ کیوں شروع نہیں کیا جا رہا ہے جی؟

جناب سپیکر: جناب ارشد عبداللہ صاحب۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: شکریہ، سر۔ جیسا کہ ہم نے گزارش کی ہے کہ ہم نے نیب سے انفارمیشن مانگی تھی لیکن نیب والوں نے Incomplete information دی ہے اور پوری تفصیل انہوں نے نہیں دی لیکن باوجود اس کے ہم بالکل Agree کرتے ہیں، اگر کمیٹی کو سوال جاتا ہے جی تو یہ کریں اور اس کے علاوہ میں نے ڈیپارٹمنٹ کو بھی یہ Directions دی ہیں کہ جتنے پیسے صوبائی حکومت سے نیب نے ریکور کیے ہیں، اس کے متعلق ہمیں یہ بریفنگ دیں کیونکہ یہ پیسے صوبائی حکومت کے ہیں اور یہ نیب سے Under the Act جو ہے، صوبائی حکومت کو یہ واپس دیں گے تو اس کے اوپر بھی انشاء اللہ کام ہو گا۔

(شور / قطع کلامی)

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، آپکا نیا سوال ہے اور میں۔۔۔۔

(قطع کلامی)

وزیر قانون و پارلیمانی امور: خیر ہے جی، وہ جی اسمبلی کے سیشن کے بعد بات کر لیں گے۔ ایکسیئن، ایس ڈی او یا چیف انجینیئر جو بھی آیا ہو گا تو ان سے آفس میں بات کر لیں گے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میں گورنمنٹ کا شکر گزار ہوں، آپ سے بھی استدعا کرتا ہوں اور میرا یہ خیال ہے کہ مخدوم صاحب بھی چونکہ اس میں Interest رکھتے ہیں تو اگر آپ اس کو کمیٹی کو ریفر کریں تو ٹرم آف ریفرنس میں مخدوم صاحب کو بھی ڈال دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: انہوں نے تو Admit کر لیا، ریفر کرتے ہیں۔ Is it the desire of House that the Question No.156, asked by the Honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee. Question No. 176, Janab Syed Muhammad Ali Shah, Honourable Member. Not present. Question No.178, Dr. Muhammad Khaild Raza Pir Zakori, the Honourable MPA.

* 178 ۔ ڈاکٹر محمد خالد رضا پیر زکوڑی شریف: کیا وزیر تعمیرات و خدمات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں آبنوشی کے اکثر ٹیوب ویل خراب ہیں;

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ان خراب ٹیوب ویلوں کی بحالی کیلئے ابھی تک کوئی اقدامات نہیں کیے گئے ہیں;

(ج) اگر (الف) تا (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

1۔ آبنوشی کے کل کتنے ٹیوب ویل ہیں;

2۔ ان میں سے کتنے ٹیوب ویل خراب حالت میں ہیں اور کب سے ہیں;

3۔ سال 08-2007 میں انکی بحالی کیلئے حکومت نے کیا اقدامات کئے ہیں، نیز اس سلسلے میں حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے اور آیا حکومت ضلع لکی مروت کے عوام کو پینے کا صاف پانی مہیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب وزیر اعلیٰ: (جواب بیرسٹر ارشد عبداللہ وزیر قانون و پارلیمانی امور نے پڑھا): (ا) جی نہیں، صرف سولہ عدد ٹیوب ویل خراب تھے۔

(ب) جی نہیں، البتہ دیہی علاقوں میں وقتاً فوقتاً بجلی کی کمی و بیشی اور کم وولٹیج کی وجہ سے ٹیوب ویل کی مشینری خراب ہو جاتی ہے، دستیاب فنڈز سے بروقت مرمت کی جاتی ہے۔

1۔ ضلع لکی مروت میں آبنوشی کے کل 284 ٹیوب ویل ہیں۔
2۔ جون 08-2007 میں کل سولہ عدد ٹیوب ویل خراب ہو چکے تھے جو فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے پورے تین مہینے خراب پڑے رہے۔
3۔ سال 09-2008 میں ضلعی حکومت کی جانب سے کل 6,33,650 روپے فراہم کئے گئے ہیں، جن میں مندرجہ ذیل بارہ عدد ٹیوب ویلوں کی مشینری کی مرمت کی گئی ہے:
(1) بخمل احمد زئی، (2) گمبیلا بائست خیل، (3) تری خیل، (4) شاب خیل نمبر ایک، (5) بیگو خیل، (6) تاجہ زئی، (7) تتر خیل، (8) پیزو جوگی وانڈا، (9) شہباز خیل، (10) حیات خیل، (11) تجوری، (12) بہرام خیل۔
جبکہ باقیماندہ چار عدد ٹیوب ویل بدستور خراب پڑے ہیں، جن کی تفصیل درج ذیل ہیں:
(1) خواجہ خیل، (2) خیرو خیل، (3) بہرام خیل، (4) لنڈیواہ۔
حکومت محدود وسائل کے باوجود بھی ضلع لکی مروت کے عوام کو پینے کے صاف پانی مہیا کرنے میں کوشاں ہیں۔

<u>Mr. Deptuy Speaker:</u> Any supplementary question?

<u>ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف:</u> جناب سپیکر صاحب، اس میں خراب ٹیوب ویلوں کی بات میں نے کی ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> پیرزکوڑی صاحب کا مائیک ذرا آن کرلیں۔

<u>ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف:</u> جی آن ہے مگر یک لخت میری آواز اوپر نہیں جاتی، گلہ پھاڑ پھاڑ کے میں نہیں بول سکتا۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> زکوړی صاحب، ستاسو آواز خو زۀ نه اورم۔ (قہقہہ)

<u>ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف:</u> نو زۀ څه اوکړم؟ زۀ به خبرے کومه خو رو رو به زما آواز جګیږی، فوراً زما آواز نه شی جګیدے۔ ما جی دا سوال کړے دے چه اکثر د پبلک هیلتھ والا کوم ټیوب ویلونه دی، هغه د وی ډی اوز په طرز باندے چلیږی لګیا دی، یعنی په دیهاتو کښے چه کومے کمیټئ دی، هغه ئے چلوی او حکومتی سرپرستی ورته حاصله نه ده۔ نو چه کوم پرائیویټ طور باندے دا ټیوب ویلونه چلیږی نو اکثر د خلقو شکایت وی د سرکار نه او دوئ راځی محکمے ته

او محکمے ته شکوه شکایت کوی۔ محکمه ورته وائی چه دا ټیوب ویلونه زمونږ سره نه دی۔ نو خبره دا ده جی چه محکمے سره نه فنډز شته چه دا خراب ټیوب ویلونه مرمت کړی۔ سپیکر صاحب! که تاسو توجه نه راکوئ نو بیا زهٔ سوال نه کوم، د دے سوال ضرورت نشته۔ زهٔ دا عرض کوم ستاسو په خدمت کښے چه دا ټیوب ویلونه چه کوم دی، د دے د پاره د محکمے سره فنډز نشته چه دا خراب ټیوب ویلونه جوړ کړی، مرمت ئے کړی، تعمیر ئے اوکړی، هغه محکمے سره پیسے نشته۔ خلق ځی محکمے ته، محکمه ورته وائی چه دا پرائیویټ خلق چلوی، ستاسو د دے ټیوب ویلونو سره زمونږه تعلق نشته۔ بیا خلق ځی ایم پی ایز له چه دا خراب ټیوب ویلونه مونږ له جوړ کړه۔ ایم پی ایز پخپله بے بسه دی، قابل رحم دی او د هغے نتیجه دا ده چه هغوی سره هم فنډز نشته چه هغه ټیوب ویلونه ورله جوړ کړی نو زما دا تجویز دے چه د خراب ټیوب ویلونو د پاره څه فنډز ایم پی ایز ته ورکول پکار دی چه کوم ځائے کښے د دے فنډز ضرورت وی او چه کوم ځائے د مرمت او د تعمیر ضرورت وی، هغوی ئے استعمالوی۔ په دے باندے فوری طور بندوبست کیږی۔ بلاشبه دا فنډز د د محکمے سره وی خو ورسره ورسره دا خبره ده چه د ایم پی ایز په سفارش باندے محکمه دا فنډز د خرابو ټیوب ویلونو د پاره خرچ کوی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ډیره مهربانی۔ *مسٹر ارشد عبداللہ۔*

<u>جناب محمد زمین خان:</u> ضمنی کوسئچن دے پکښے زما۔ زما یو ضمنی کوسئچن دے، سر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ډیره ښه ده۔ زمین خان۔

<u>جناب محمد زمین خان:</u> شکریه، جناب سپیکر۔ په دیکښے زما دا عرض دے سر، چه زما په دیر کښے څومره ټیوب ویلونه خراب دی او په تیر کال کښے د دے د مرمت د پاره حکومت څومره فنډ Provide کړے دے؟ ځکه چه هلته کښے خلق راځی په مونږ پسے، زمونږه د جیب نه خلق پیسے غواړی، وائی چه سکیم خراب دے۔ مونږه چه د ډیپارټمنټ سره رابطه اوکړو نو وائی چه د ایم اینډ آر فنډ نشته۔

نو د دے د پارہ زما عرض دے چه دا تفصیل لږ مونږ ته Provide شی۔ ډیره مهربانی۔

Makhdumzada Syed Murid Kazim Shah: Supplemntary, Sir.

جناب ڈپٹی سپیکر: مرید کاظم صاحب۔

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ: سر، یہ معاملہ بہت اہم ہے کیونکہ یہ پورے صوبے کا معاملہ ہے جی۔اس میں تقریباًہر ضلع میں یہ ٹیوب ویل خراب ہیں اور Maintenance کے پیسے نہیں ہیں جی اور دوسرا یہ کہ بہت سی سکیمز ایسی ہیں جی جو ضروری بھی ہیں اور اپنی لائف ختم کر چکی ہیں جی۔اگر ان کو دوبارہ نہ بنایا گیاتو اس سے زندگی کو خطرہ ہے، بیماریاں پیدا ہو رہی ہیں تو میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کرونگا کہ آیا اس کے متعلق یہ سوچ رہے ہیں کہ پورے صوبے کیلئے یہ مسئلہ حل کیا جائے اور جو سکیمیں اپنی لائف ختم کر چکی ہیں، ان کے متعلق ان کی کیا رائے ہیں جی ؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ارشد عبداللہ صاحب۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: جی، سب سے پہلے تو پیر صاحب کو۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھہ: سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سپلیمنٹری۔تشریف رکھیں جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھہ: سپیکر صاحب، وی ڈی او زکمیٹیوں کی وجہ سے بہت سے ٹیوب ویل جو ہیں، وہ ناکام ہو چکے ہیں۔گورنمنٹ کے اربوں روپے ان ٹیوب ویلز پر خرچ کئے گئے ہیں لیکن عوام کو کوئی فائدہ نہیں ہے کیونکہ ٹیوب ویل بند ہونے کی وجہ سے لوگ ان کے پائپ اکھاڑ کر لے گئے ہیں اور ٹرانسفارمر غائب ہو گئے ہیں۔تو میں گزارش کرونگا جی کہ وی ڈی او زکمیٹیاں ختم کرکے یہ ٹیوب ویلز صوبائی گورنمنٹ کے حوالے کئے جائیں، محکمہ پبلک ہیلتھ کے حوالے کئے جائیں تاکہ وہ صحیح طریقے سے ان کی Maintenance کرکے ان کو چلائیں تاکہ عوام کو کوئی فائدہ ہو جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، ایک چھوٹی سی عرض کرنا چاہتی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ نگہت بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: آج تیسرا دن ہو گیا اور مائیک سسٹم جو ہے، وہ بالکل کام نہیں کر رہا۔صحافیوں نے پہلے دن احتجاج بھی اسی بات پر کیا تھا کہ ان کو کچھ سمجھ نہیں آ رہی۔جب ان کو سمجھ نہیں آئے گی تو وہ کل کے پیپر میں کیا لکھیں گے ؟جناب سپیکر صاحب، آج تیسرا دن ہے اور ان مائیک کا کچھ بندوبست

نہیں ہوا تو آج ہم پھر صحافیوں سے یہ توقع کرتے ہیں کہ وہ واک آوٹ کر جائیں۔ تو یا تو دو چار ایسے مائیک یہاں پر مختص کر دیں کہ جہاں پر ممبر اور جو ہمارے منسٹر صاحبان ہیں، وہ آ کے صحیح طریقے سے سوال اور جواب دے سکیں۔۔۔۔۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب اکرم خان درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: محترم سپیکر صاحب، پیر صاحب، زکوړی صاحب چه کومه خبره کړے ده، هغه انتہائی اهم ده او زمونږه په گورنمنټ کښے جی د دے اسمبلئ یوه کمیټی جوړه شوے وه او هغے بیا رپورټ گورنمنټ ته ورکړو، گورنمنټ په هغے باندے بیا احکامات هم جاری کړی وو چه په دے صوبه کښے څومره کمیونټی ټیوب ویلز دی، هغه به د گورنمنټ په تحویل کښے وی او د هغے Repair, maintenance او د واپډا د بجلئ بل به گورنمنټ ورکوی۔ هغے باندے چه که، فنانس منسټر صاحب هم ناست دے، صرف لږ رکاوټ دے چه ډیپارټمنټ ورباندے هر څه فنانس ته لیکلی دی، په ټوله صوبه کښے په هغه هر یو ټیوب ویل باندے یو پوسټ هم ورکړے وو چه هلته یو ذمه وار سړے وی او هغه ئے دیکھ بھال کوی، په ټوله صوبه کښے د کلاس فور آرډرونه هم شوی دی۔ نو زما به دا گزارش وی چه چونکه دا ټول ایم پی ایز صاحبان خپلے حلقے ته ځی، نو هلته خلق ورته راشی چه اوبه نشته۔ که چرته په دے شوی فیصله باندے عمل اوشی او فنانس نه سالانه چه کوم Repair, maintenance چه څومره حساب دے، هغه پیسے ورته ریلیز شی نو فیصله پرے مخکښے شوے ده چه د هغے Implementation اوشی، نو چه په هغے باندے عمل اوکړی نو دا مسئله به پوره حل شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ډیره مننه۔

Mr. Muanwar Khan Advocate: Sir!

جناب ڈپٹی سپیکر: منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، د دے متعلق مونږه دس پندره ایم پی ایز د سی ایم صاحب سره دا خبره کړے وه جی نو سی ایم صاحب، وقار صاحب دا چه کوم

سپیشل سیکرټری دے ، د هغوی په نګرانئ کښے یوه کمیټی جوړه کړے وه چه دا ټیوب ویلونه چه دی، لکه څه رنګے درانی صاحب خبره اوکړه چه په دغے باندے نوکریانے هم خلقو ته ملاؤ شوی دی او د دے د پاره یوه کمیټی هم سی ایم صاحب مقرر کړے ده د وقار صاحب په نګرانئ کښے او مونږه تقریباً دس پندره ایم پی ایز یو، هغه صرف د ټیوب ویلونو د ریپیئر او دا ټرانسفارمرز چه کوم وو، د هغے ریپیئر وو نو په دے سلسله کښے مونږه دا ریکویسټ ورته کړے وو چه د دے د پاره هر ایم پی اے ته سپیشل فنډز ورکړے شی چه د دے ټیوب ویلونو او د ټرانسفارمرو دا ریپیئر په ټائم باندے اوشی۔ نو سر، زما خیال دے چه د ټولو تقریباً دغه مسئله ده۔ دا د هر ایم پی اے مسئله ده نو چه چرته کښے ټیوب ویلونه دی جی، هغه ټول بند ولاړ دی او مطلب دا دے چه استعمال کښے نه راځی، نو دا د کم از کم ګورنمنټ خپل کنټرول کښے واخلی، نو دا شے به انشاء الله ریګولرائز شی۔ تهینک یو، سر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جناب ارشد عبداللہ صاحب۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور:</u> مهربانی جی۔ د زکوړی صاحب د سوال په جواب کښے خو مونږه تفصیل ورکړے دے۔ تقریباً د دوئ دولس ټیوب ویلونه ټهیک شوی دی او څلور پاتے دی۔ فی الحال دا د ډسټرکټ ګورنمنټ Jurisdiction جوړیږی چه کوم سکیمز پراونشل ګورنمنټ ډیپارټمنټ اولګوی نو بیا د هغے Maintenance او ریپیئر ډسټرکټ ګورنمنټ کوی او چه هغوی سره پیسے کمے شی یا خلاصے شی نو هغوی بیا فنانس ته کیس رالیږی نو فنانس ورته بیا پیسے Sanction کوی خو مونږه بالکل دا محسوسوؤ چه دا سسټم Streamline کول غواړی۔ نو فنانس او پی اینډ ډی ته به زهٔ ګزارش کومه انشاء الله چه دوئ خپلو کښے کښینی، څه دغه برابر کړی، څه کهاته ماته برابر کړی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> اکرم خان درانی صاحب چه دا کوم یو Suggestion ورکړو، همایون صاحب، د دے باره کښے څه خبره ده؟

<u>جناب محمد ہمایون خان(وزیر خزانہ):</u> سپیکر صاحب، دیکښے مونږ Already ډیپارټمنټ ته وئیلی دی چه کوم کوم ټیوب ویلے خرابے دی، د هغوی Case to case مونږ ته Proposals رالیږی او فنانس هغه شانتے Approval ورکوی جی۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you very much. Now Question No. 200, Zarqa BiBi, the Honourable MPA.

* 200 ۔ محترمہ زرقا: کیاوزیر تعمیرات وخدمات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ نوشہرہ میں دریائے کابل پر پرانے کشتی پل کے مقام پر آر سی سی پل تعمیر کرنے کا منصوبہ منظور ہوا تھا:

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پل کو تعمیر کرنے کیلئے مالی سال 08-2007 میں تین کروڑ روپے مختص کئے گئے تھے، نیز سروے کا کام مکمل کیا گیا تھا:

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ پل پر تاحال کام کیوں شروع نہیں کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب وزیراعلیٰ:(جواب بیرسٹر ارشد عبداللہ، وزیر قانون وپارلیمانی امور نے پڑھا): (الف) جی نہیں، یہ سکیم سالانہ ترقیاتی پروگرام سال 08-2007 کے اے ڈی پی میں سیریل نمبر 542/70723 "F/S of bridge at River Kabul at Nowshera" پر شامل کیا گیا تھا مگر ایک بڑا پل جو کہ پانچ سو میٹر کے فاصلے پر پہلے ہی سے موجود تھا، جس کی وجہ سے یہ پل منظور نہ ہو سکا۔

(ب) اس سکیم کیلئے اے ڈی پی برائے سال 08-2007 میں صرف پندرہ لاکھ روپے مختص کئے گئے تھے لیکن پل کی منظوری نہ ہونے کی وجہ سے فنڈز ریلیز نہ ہو سکے۔

(ج) مذکورہ کام کا پی سی۔11 تقریباً 1.500 ملین روپے کا بنایا گیا تھا اور چیف انجینیئر ورکس اینڈ سروسز پشاور کو ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسر ورکس اینڈ سروسز نوشہرہ کے خط نمبر 9473/D-1، مورخہ 07/01/2008 کو بھیجا گیا۔ اس سکیم پر ڈی ڈی ڈبلیو پی میٹنگ میں بحث ہوئی، جس میں فیصلہ کیا گیا کہ چونکہ اس مجوزہ پل سے پانچ سو میٹر کے فاصلے پر پہلے ہی سے ایک بڑا پل موجود تھا، اسلئے اس پل کی ضرورت نہیں ہے۔ اسلئے اس کی منظوری نہ ہو سکی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Please any supplementary question? زرقا بی بی نشته؟ زرقا بی بی کا مائیک آن کریں۔

جناب محمد جاوید عباسی: اگر وہ مائیک ٹھیک نہیں ہے تو آپ یہاں سے بات کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بات یہ ہے کہ نگہت بی بی نے مائیک کے بارے میں بھی بات کی ہے، کل سپیکر صاحب نے اور ہاؤس نے یہ متفقہ فیصلہ کیا ہے کہ اس کمیٹی نے جو فیصلہ کیا ہے، اس کا مطلب ہے Replace کریں

گے،اس سارے سسٹم کوReplaceکریں گے۔اس پر کچھ ٹائم لگے گا تو یہ مطلب ہے، ٹھیک ہو جائے گا انشاء اللہ۔

محترمہ زرقا: شکریه، جناب سپیکر۔ زما ضمنی سوال دا دے چه دوئ د کوم پل ذکر دلته کښے کړے دے ، هغه تیس پینتیس کال مخکښے جوړ شوے دے ، هغه وخت کښے د نوښار آبادی ډیره کمه وه، اوس د نوښار آبادی چرته نه چرته تلے ده۔ بله خبره دا ده چه په دے پل باندے ډیر زیات رش وی، آئے روز ایکسیډنټونه او جنګ جهګړے پرے کیږی او د دے پل حالت هم اوس هغه شانتے نه دے چه کوم پکار وی۔ یو دا پل ځائے په ځائے مات شوے دے ، فوټ پاتهے ئے خرابے دی۔ خلق زیات تر دا پیدل د پاره سورے پل استعمالوی نو زیات تر زنانه او ښځے اکثر ترے نه پریوځی یا ترے مړے شی او یا ښپے لاسونه ئے مات شی، نو آیا اوس ضرورت نشته چه یو نوے پل جوړ کړے شی؟ دیکښے تقریباً تیس پینتیس کال اوشو۔

Mr. Deputy Speaker: Any other supplementary question? Arshad Abdullah Sahib.

وزیر قانون و پارلیمانی امور: جی دا چه څنګه جی جواب کښے ورکړے شوے دے چه Within-----

محترمہ زرقا: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں، آپ کو جواب دے رہے ہیں، تشریف رکھیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: Five hundred meters چه کوم دے ، ښه غټ پل شته جی او د دے خپل لائف ټائم دے او هغے کښے ډیر ټائم دے جی۔ لکه لا دیکښے Thirty, forty years د دے نور هم Further لائف ټائم شته، نو د دے Proper maintenance کیږی او آبادی پرے که زیاته شوے ده خو اوس هم مونږ پخپله ځو راځو جی، داسے هم نشته چه ډیر لوئے ټریفک پرے جام وی یا بل څه پرابلمز دی پکښے۔ لکه داسے څه ډیر سیریس ایشو څکه نه ده، که دومره غټ سیریس ایشو وے، نو زما خیال دے چه د نوښار ټولو ایم پی ایز به دا ایشو اوچته کړے وه۔ مهربانی۔

Mr. Deputy Speaker: Question No 208, Mr. Badshah Salih, the Honourable MPA.

* 208۔ جناب بادشاہ صالح: کیاوزیر تعمیرات وخدمات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ سڑکوں کی دیکھ بھال کیلئے قلی کام کرتے ہیں;

(ب) آیایہ درست ہے کہ قلی کی ریٹائرمنٹ یا فوت ہونے کے صورت میں خالی شدہ آسامی کو ختم کیا جاتاہے;

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پوسٹیں ختم ہونے کی وجہ سے قلیوں کی قلت پیدا ہوگئی ہے جس کی وجہ سے سڑکوں کی حالت دن بدن خراب ہورہی ہے;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اب تک جو پوسٹیں قلیوں کی ریٹائرمنٹ یا فوتگی کی صورت میں ختم ہوئی ہیں، آیا حکومت ان کو بحال کرنے اور آئندہ ان پوسٹوں کو ختم نہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب وزیراعلیٰ: (جواب بیرسٹر ارشد عبداللہ وزیر قانون و پارلیمانی امور نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، سڑکوں کی دیکھ بھال کیلئے روڈ گینگ، جس میں قلی بھی شامل ہیں، کی وفات یا ملازمت سے ریٹائرمنٹ پر باقاعدہ طور پر پوسٹیں ختم کی جاتی ہیں۔

(ج) جی ہاں، جیساکہ اوپر جز (ب) میں وضاحت کی گئی ہے کہ قلی کی آسامیاں فوتگی اور ریٹائرمنٹ کی صورت میں ختم کی جاتی ہیں، جس کی وجہ سے سڑکوں کی مرمت پر برا اثر پڑ رہا ہے۔

(د) حکومت اس سلسلے میں کوئی فیصلہ جلدی میں نہیں کرنا چاہتی جیساکہ 1998 کا فیصلہ جلدی میں ہونے کی وجہ سے نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے، اسلئے اس اہم مسئلے پر غور و خوض کی ضرورت ہے۔ غور و خوض کے بعد حکومت کسی نتیجہ پر پہنچنے کی پوزیشن میں ہوگی، جس کے بعد مناسب فیصلہ کیا جائے گا۔

جناب بادشاہ صالح: ډیره مهربانی او شکریه۔ جناب سپیکر صاحب، دا یو ډیره اهمه مسئله ده جی۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Mr. Badshah Salih Sahib, any supplementary question?

جناب بادشاہ صالح: کله چه دا پوسټونه ختم شو جی نو هغه روډونه اوس ټول کهنډرات دی جی۔ زمونږه هلته علاقه کښے دا دی چه په ګاډو باندے مو لس روپئ ټیکس لګولے دے او راځی هغه خلقو له ئے ورکوی جی خو دا پوسټونه

واپس اوس په چترال کښے بحال شوی دی جی، نو زۂ خو دا توقع ساتم د دوئ نه چه دا روډونه، Far-flung areas چه کوم دی چه دیکښے دوئ سمدستی اوس په اسمبلئ کښے اعلان اوکړی جی او دا سوال داسے ختم نه کړی جی خو چه د دے څه پروګرام داسے اوکړی چه دا پوسټونه بیرته بحال شی جی۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: دوئ جواب خو مونږه ورته۔۔۔۔

جناب سپیکر: ارشد عبداللہ صاحب۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب! دیکښے زما یو سوال دے جی۔ دا جی د روډ قلیانو باره کښ دے۔

جناب سپیکر: انور خان۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: سر، د سی اینډ ډبلیو کوم روډونه چه دی، په هغے باندے به مخکښے قلیان وو۔ سر، هغه قلیان چه وو، د هغوی طریقه کار دوئ دا جوړ کړے دے چه قلی ریټائر کیږی نو د دوئ هغه پوسټونه د هغوی سره ختمیږی۔ سر، اوس په Cities کښ خو دا حال دے چه پاخه روډونه دی، Settled area ده، سیلابونه پکښے نشته دے۔ ملاکنډ ډویژن، Especially دیر اپر یا کومے ضلعے چه Hilly areas دی جی، اوس په دیر کښے جی د روډونو پوزیشن دا دے چه هلته جی نو سو چالیس کلومیټر روډ چه کوم دے، هغه ټوټل د ډسټرکټ دیر اپر لین دے، په هغے کښے جی ایک سو چهیانوے کلومیټر Metalled دے او سات سو چوالیس کلو میټر چه دے، هغه کچه دے، سر۔ اوس قلیان ریټائر کیږی او نور قلیان پرے نه بهرتی کیږی نو هغه روډونه د سیلابونو په وجه باندے کندے شوی دی۔ دلته خو په Cities کښے یو نظام شته، هلته هیڅ څه نظام نشته دے۔ هغه روډونه بالکل، د حکومت پرے خرچے شوے دی، مخکښے پرے د حکومت قیمتی پیسه لګیدلے ده او هغه روډونه جی کهنډرات کښے تبدیل شو، ټولے علاقے د ضلع نه Disconnect شوے جی۔ مونږه دا ریکویسټ کوؤ چه دا پوسټونه په چترال کښے بحال شوی دی چه کوم قلیان ریټائرډ کیږی، هغه شانتے څنګه چه په چترال کښے شوی دی او کوم چه په نور ضلعو کښے دی، هغه قلیان د واپس کړی۔ د قلیانو دا پوسټونه د ختموی نه، بلکه نور قلیان، پکار خو دا ده

چه د روډ Length زيات شوے دے چه د قليانو پوسټونه زيات کړے شی او دوئ ئے ختموی جی؟ نو دغه د قليانو پوسټونه د بحال کړے شی چه دا د Hilly areas د ټولو خلقو Genuine مسئله ده جی، زمونږه دا ريکويسټ دے جی چه دا قليان د فوری بحال شی۔

Mufti Kifayatullah: Supplementary, supplementary…..

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ،ایک منٹ۔

Mufti Kifayatullah: Supplementary, ji.

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کے بعد آپ کو موقع دیں گے۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، شکریہ جی۔ میں آپ کو متوجہ کرونگا سوال کے جز(ج) کی طرف جی کہ "آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ پوسٹیں ختم ہونے کی وجہ سے قلیوں کی قلت پیدا ہوگئی ہے جس کی وجہ سے سڑکوں کی حالت دن بدن خراب ہو رہی ہے"، تو محکمہ مان رہا ہے جواب میں کہ جی ہاں، یہ درست ہے اور وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ قلی کی آسامی فوتگی اور ریٹائرمنٹ کی صورت میں ختم کی جاتی ہے جس کی وجہ سے سڑکوں کی مرمت پر بہت برا اثر پڑ رہا ہے جی۔ قابل احترام سپیکر صاحب، جب یہ خود مان رہے ہیں کہ اس پوسٹ کو ختم کرنے سے اس کی کارکردگی پر اثر پڑتا ہے اور روڈ کی عمر پر بھی۔ جناب سپیکر صاحب، روڈ کی جو عمر ہے، وہ کم ہو رہی ہے۔ میں اس قلی کو بنیاد بنا کر اپنے حکمران ساتھیوں سے تمام کلاس فور، نائب قاصد، چوکیدار، یہ جو پالیسی ہے کہ اس پوسٹ کو Abolish کر دیا جاتا ہے پھر فنانس میں آجاتے ہیں، پھر واپس، یہ خواہ مخواہ ایک تکلف ہے، اس کو بنیاد بنایا جائے اور ایسی پوسٹ کو ختم نہ کیا جائے بلکہ ایک آدمی جب ریٹائرڈ ہو جائے تو اس کی جگہ دوسرا آدمی بھرتی کیا جائے تاکہ وہاں کام میں کوئی حرج نہ پڑ جائے۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ جی عبدالستار خان۔ چلو پیر صابر شاہ صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، یہاں پر یہ جو کہتے ہیں کہ "اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اب تک جو پوسٹیں قلیوں کی ریٹائرمنٹ اور فوتگی کی صورت میں ختم ہوئی ہیں، آیا حکومت ان کو بحال کرنے اور آئندہ ان پوسٹوں کو ختم نہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے"، تو جواب میں ہے کہ "حکومت اس سلسلے میں کوئی فیصلہ جلدی میں نہیں کرنا چاہتی جیسا کہ 1998 کا فیصلہ جلدی میں ہونے کی وجہ سے نقصان

اٹھانا پڑرہاہے، اسلئے اس اہم مسئلے پر غور و خوض کی ضرورت ہے اور غور و خوض کے بعد حکومت کسی نتیجے پر پہنچنے کی پوزیشن میں ہوگی"۔ جناب سپیکر، ہم تو ڈر گئے کہ یہ مسئلہ کوئی انتہائی ایسا مسئلہ ہے کہ اگر یہ قلی کے حق میں فیصلہ ہوا تو یہاں حکومت جو ہے، اس سے کوئی تباہی آئے گی؟ (قہقہہ) ایسی کونسی بات ہے کہ یہ جلدی میں نہیں کرنا چاہتے اور 1998 کے فیصلے کو بنیاد بنا کر اگر قلی کے بیٹے کو یا خالی پوسٹ پہ کسی کو تعینات کیا تو یہاں پر بہت بڑا نقصان ہو جائے گا؟ ان نقصانات سے ہمیں ذرا بتایا جائے کہ وہ کیا نقصانات ہیں تاکہ اس کی حقیقت کا ہمیں پتہ چلے جی۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> اور ساتھ یہ بھی بتایا جائے کہ 1998 میں کیا فیصلہ ہوا کہ یہ کوئی نائن الیون کی بات تو نہیں کر رہے؟

(قہقہے)

<u>سید محمد صابر شاہ:</u> اور 1998 کا فیصلہ بھی بتائیں۔

<u>جناب عبدالستار خان:</u> جناب سپیکر۔

